# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 27 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷/اگست ۲۰۲۴ء

وقت: 09.00 سے 09.10/بجے

***** ***** *****

### سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ محکمہ تعلیم کی جانب سے اسکولوں میں طلبہ ء کی حفاظت کے لیے جدید تکنیک سے لیس پینِک بٹن لگانے فیصلہ

☆ بدلاپور بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی معاملہ کی ابتدائی رپورٹ حکومت کو پیش

☆ مالون-راجکوٹ میں واقع چھترپتی شیواجی مہاراج کا مجسمہ گر پڑا ' بحریہ اور ریاستی حکومت کی جانب سے جانچ کمیٹی قائم

☆ پرلی ویجناتھ میں منعقدہ زرعی فیسٹول اختتام پذیر ' 3/کروڑ سے زیادہ کے معاشی لین دین کی محکمہ مالیات کی اطلاع

اور

☆ جائیکواڑی آبی پُشتہ کی سطح آب 53/فیصد تک پہنچی

### اب خبریں تفصیل سے...

ریاست کے اسکولوں میں طلبہ ء کی حفاظت کے لیے جدید تکنیک سے لیس پینِک بٹن لگانے کا فیصلہ تعلیمی محکمہ نے کیا ہے۔ وزیر تعلیم دیپک کیسرکر نے کل ممبئی میں صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے ' دونوں وزراء اعلیٰ اور ریاست کی ڈائریکٹر جنرل آف پولس رشمی شکلاء کی موجودگی میں اِس تجویز پر بحث ہوئی ہے۔ حال ہی میں بدلاپور میں ہوئے اسکول کے واقعہ کے ضمن میں اسکول کی حفاظت میں بہتری لانے کی ضرورت ہے اور اِسی کے حصہ کے طور پر اسکولوں میں فوراً شکایتی باکس بٹھائیں جائیں گے اور پولس ملازمین کے سامنے ہی انھیں کھولا جائے گا۔

دریں اثناء بدلاپور واقعہ کے ضمن میں اسکولی تعلیم محکمہ کے مقرر کردہ ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن اور ریاستی حفاظت اطفال کمیشن کے صدر اُن کی کمیٹی کی ابتدائی رپورٹ کل حکومت کو پیش کی ہے۔ اِس رپورٹ میں تفتیشی طریقہ کار کی نگرانی انتظامیہ کو پیش کی جائے گی اور تعلیمی محکمہ کے تحت آزادانہ ہیلپ لائن شروع کرنے کی اطلاع بھی کیسرکر نے دی۔

***** ***** *****

بدلاپور جنسی تشدد معاملہ کے ملزم اکشئے شندے کو 14/دنوں کی عدالتی تحویل سنائی گئی ہے۔ اِس کی پولس حراست ختم ہونے پر کل عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ اِس موقع پر حفاظت کے طور پر سخت پولس بندوبست تعینات کیا گیا تھا۔

دریں اثناء کلیان میں ایک نا بالغ لڑ کی کے جنسی تشدد کا معاملہ پیش آ یا ہے ۔ متعلقہ ملزم کو کلیان ضلع سیشن کورٹ نے 7 / دنوں کی پولس تحویل میں رکھنے کا حکم دیا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے کڑا میں اسکول کی لڑکیوں نے بدلا پور معاملہ کی متاثرہ معصوم کو انصاف دینے کے مطالبے کے لیے کل احتجاجی مارچ نکالا ۔ اِس مارچ میں شرکت کرنے والی لڑکیوں اور خواتین نے کالے کپڑے پہن رکھے تھے ۔

***** ***** *****

سندھودُرگ ضلع کے مانون - راجکوٹ میں تعمیر کیا گیا چھتر پتی شیواجی مہاراج کا مجسمہ کل دو پہر کو طوفانی ہواؤں اور موسلا دھار بارش کی وجہ سے گر پڑا اِس معاملہ میں مجسمہ ساز‘ کنسلٹنٹ اور ٹھیکے دار کے خلاف مقدمے درج کیے جانے کے احکامات ضلع کے سر پرست وزیر رو یندر چوہان نے ضلع کلکٹر و پولس سپرنٹنڈنٹ کو دیے ہیں ۔ سر پرست وزیر چوہان نے شام کو راجکوٹ جائے حادثہ کا دورہ کیا ۔

دریں اثناء وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ اِس مجسمہ کے گرنے پر بحریہ نے افسوس کا اظہار کیا ہے اور اِس معاملہ میں ریاستی حکومت اور بحریہ کی ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے ۔ یہ مجسمہ دوبارہ تعمیر کیا جائے گا ۔ تیز ہواؤں کی وجہ سے یہ گرا ہے لیکن جلد ہی زیادہ بھارتی بھرکم مجسمہ تعمیر کیا جائے گا ۔

***** ***** *****

ریاست مہاراشٹر ٹریڈ ایکشن کمیٹی کی جانب سے آج پکارے گئے ایک روزہ بند ملتوی کر دیا گیا ہے ۔ ممبئی کے سہیادری گیسٹ ہاؤس میں کل نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں تاجروں کے مسائل کے قانونی فیصلے دینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ لیا گیا ۔ اِس میٹنگ کے بعد ٹریڈ ایکشن کمیٹی کے صدر للِت گاندھی نے یہ اطلاع دی ۔ آئندہ مہینہ بھر میں ہی یہ کمیٹی اپنی رپورٹ پیش کرے گی ۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے پر لی ویجناتھ میں وزیر اعلیٰ محکمہ کی جانب سے منعقدہ 5 / روزہ ریاستی سطح کے زرعی فیسٹول کا کل اختتام ہوگیا ۔ پربھنی کے وسنت راؤ نائک زرعی یونیورسٹی کی وائس چانسلر ڈاکٹر اِندر منی سمیت دیگر معززین اس اختتامی پروگرام میں شریک تھے ۔ اِس فیسٹیول میں گزشتہ سات دنوں میں تقریباً ساڑھے 4 / لاکھ سے زائد کسانوں نے شرکت کی ۔ مختلف اشیاء کے 435 / اسٹالوں میں سے تقریباً ساڑھے تین کروڑ سے زائد معاشی لین دین کی اطلاع زرعی سپرنٹنڈنٹ افسر سُبھاش ساڑوے نے دی ۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آ کا شوانی چھتر پتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

آدی واسی پاڑوں کے مثالی گاؤں میں تبدیلی کی کوشش کرنے کی اپیل گورنر سی پی رادھا کرشنن نے کی ہے۔ممبئی کے راج بھون میں منعقدہ میٹنگ سے وہ مخاطب تھے۔ اِن گاؤں میں بنیادی سہولیات سمیت کاروباری تربیت اور صنعت کی ترغیب دی جائے' مجوزہ آدی واسی یونیورسٹیوں میں مختص نشستیں فراہم کی جائے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے رکن پارلیمان وسنت راؤ چوہان کی آخری رسومات آج نائیگاؤں میں ادا کی جائے گی۔ چوہان کا کل حیدرآباد میں طویل علالت کے بعد انتقال ہوگیا۔ وہ 70/ برس کے تھے۔ حال ہی میں ہوئے لوک سبھا انتخابات میں چوہان نے بی جے پی کے امیدوار پرتاپ راؤ پاٹل چکھلیکر کو شکست دی تھی۔

چوہان کے انتقال پر صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو ' وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے ' کُل ہند کانگریس کمیٹی کے صدر ملکارجن کھر گے اور ریاستی صدر نانا پٹولے نے گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے قائد اور رکن اسمبلی آدتیہ ٹھاکرے نے لاڈلی بہن سمیت محفوظ بہن کی ضرورت ہونے کا اظہار کیا ہے۔ وہ کل چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے ویجاپور میں پارٹی کے سوابھیمان جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ قانون ساز کونسل میں قائد حزب اختلاف امباداس دانوے سمیت شیوسینا کے دیگر عہدیداران اِس موقعے پر موجود تھے۔ کسانوں کی قرض معافی سمیت دیگر موضوعات پر آدِتیہ ٹھاکرے نے اِس پروگرام میں حکومت پر سخت تنقید کی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے گیورائی تعلقے کے ریوکی دیوکی کی سرپنچ ششی کلا بھگوان مسکے سمیت اُن کے اہل خانہ نے کل بیڑ ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو خودسوزی کی کوشش کی۔ گرام پنچایت کے تحت کیے گئے ترقیاتی کاموں کے 93/ لاکھ کے بل انتظامیہ کی جانب سے ادا نہ کیے جانے پر مسکے خاندان کے افراد کی جانب سے اقدام خودسوزی اُٹھانے کی خبر ہمارے نمائندے نے دی ہے۔ تاہم پولس کی بروقت مداخلت سے ایک بڑا سانحہ ٹل گیا۔ پولس نے مسکے خاندان کے افراد کو تحویل میں لے لیا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے گھاٹ ناندور میں واقع بجلی فراہمی سب اسٹیشن میں دیکھ بھال اور درستی کے کاموں کے پیش نظر آج صبح گیارہ بجے تا شام پانچ بجے کے درمیان گھاٹ ناندور اور جوڑ گا ذیلی اسٹیشن کے تحت آنے والے کچھ دیہاتوں میں بجلی فراہمی بند رہے گی۔ مہاوِترن انتظامیہ کی جانب سے اِس دوران بجلی صارفین سے تعاون کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن میں واقع جائیکواڑی آبی پُشتے کا آبی ذخیرہ 53/اعشاریہ 41/ فیصد تک جا پہنچا ہے۔ اِس آبی منصوبے میں فی الحال 71/ ہزار 115/ گھن فیٹ فی سیکینڈ کی رفتار سے پانی کی آمد جاری ہے۔

دریں اثناء گزشتہ 2 /دنوں کے دوران ہوئی موسلا دھار بارشوں کی وجہ سے بیڑ ضلعے کے آشٹی تعلقے کے سانگوی پاٹن گاؤں کے تمام کھیتوں کی فصلیں زیرآب آنے کے سبب بڑے پیمانے پر مالی نقصانات ہوئے ہیں۔

اِسی دوران محکمہ موسمیات نے آئندہ 2 /دنوں میں وسطی مہاراشٹر کے بیشتر مقامات اور مراٹھواڑہ کے چند مقامات پر بارش ہونے کی پیشن گوئی کی ہے۔

**** **** *****

دھاراشیو ضلعے میں پولس نے سوا چھ لاکھ روپئے کے گٹکے سمیت تقریباً پونے نو لاکھ روپئے سے زیادہ مالیت کا سامان ضبط کیا ہے۔ پولس دستے کی جانب سے عُمر گہ کے اَوراد پاٹی چوراہا علاقے میں ایسی کارروائی کے دوران ایک ملزم کو گرفتار کر کے اُس کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

**** **** *****

راجیہ سبھا کی 2 /خالی نشستوں کے لیے راشٹروادی کانگریس کے نتن پاٹل اور بی جے پی کے دھیریہ شیل پاٹل بلا مقابلہ منتخب ہونے کی اطلاع کابینہ کی جانب سے جاری کردہ نوٹفکیشن کے ذریعہ دی گئی ہے۔ مرکزی وزیر کامرس پیوش گوئل اور رکن پارلیمان اُدین راجے بھونسلے کے لوک سبھا رکن منتخب ہونے پر یہ نشستیں خالی ہوگئی تھیں۔

**** **** *****

انا صاحب پاٹل معاشی پسماندگی ترقی کارپوریشن کے صدر نریندر پاٹل نے مراٹھا سماج کو معاشی بنیاد پر ریزرویشن دینے کے مطالبے کو دہرایا ہے۔ وہ کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ کارپوریشن کی جانب سے اب تک 9 /ہزار 775 /مستحقین کو قرض منظور کیے گئے ہیں۔

**** **** *****

ناندیڑ ضلعے میں وزیرِاعلیٰ تیرتھ درشن اسکیم کے لیے اہل شہریوں کی درخواستیں آئندہ 31 /اگست تک قبول کرنے کے احکامات سماجی بہبود شعبے کے علاقائی نائب کمشنر وی ایس کیندرے نے دیے۔ کل ناندیڑ میں اِس ضمن میں منعقدہ اجلاس میں وہ مخاطب تھے۔

**** **** *****

آ خر میں  خبر و ں کی سر خیاں ا یک مر تبہ پھر سُن لیجیے . . .

☆ محکمہ تعلیم کی جانب سے اسکولوں میں طلبہ ء کی حفاظت کے لیے جدید تکنیک سے لیس  پینِک بٹن لگانے فیصلہ

☆ بدلا پور بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی معاملہ کی ابتدائی رپورٹ سرکار کو پیش

☆ مالون-راجکوٹ میں واقع چھترپتی شیواجی مہاراج کا مجسمہ گر پڑا ' بحریہ  اور  ریاستی حکومت کی جانب سے جانچ کمیٹی قائم

اور

☆ جائیکواڑی آبی پُشتہ کی سطح آب 53 ٫اعشاریہ  چار  ایک  فیصد تک پہنچی

**علا قا ئی خبر یں ختم ہو ئیں**

آ پ یہ خبر نا مہ ہما ر ے یو ٹیو ب **چینل AIR** چھتر پتی سنبھا جی نگر پر د و با ر ہ کسی بھی و قت سُن سکتے ہیں ۔

☆☆☆☆